بسم اللہ الرحمن الرحیم

نگران: ملک منصور احمد عمر
مدیر: شمس الحق

ماہنامہ
مغربی جرمنی

# اخبار احمدیہ



وفا ۱۳۶۴ ہش — کتابت: اسد اللہ خان — جولائی ۱۹۸۵

## داعی الی اللہ

(دسویں جلسہ سالانہ مغربی جرمنی کے موقعہ پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا لٹریٹ اردو پیغام)

پیارے بھائیو اور بہنو! السلام علیکم۔

مجھے اس امر کی انتہائی خوشی ہے کہ جماعت احمدیہ مغربی جرمنی اپنا جلسہ سالانہ 22 اور 23 جون 1985 کو منعقد کر رہی ہے الحمدللہ۔ میں اللہ تعالیٰ سے اسکی نمایاں کامیابی کیلئے دعا کرتا ہوں۔ خدا کرے یہ (جلسہ) آپ سب کیلئے اسکے ان گنت انعامات کا سرچشمہ ثابت ہو۔ مغربی جرمنی کے ممبران مجھے اس وجہ سے بہت عزیز ہیں کہ وہ اسلام اور احمدیت کا پیغام جرمنوں اور جرمنی میں رہنے والے دوسری قومیتوں کے باشندوں کو پہنچا رہے ہیں۔ 1984 میں جرمنی اپنی بیعتوں کے ٹارگٹ سے بڑھ گیا اور خدا کے فضل سے اس عرصہ میں یکصد سے زائد افراد نے احمدیت یعنی حقیقی اسلام کو قبول کیا۔ الحمدللہ۔ جرمنی سے موصول ہونے والے خطوط سے مجھے دلی خوشی محسوس ہوتی ہے کیونکہ ان میں وہاں رہنے والے احمدیوں کی تبلیغی کاوشوں کا ذکر ہوتا ہے۔ اور میں ان کیلئے دعا کرتا ہوں۔ کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ان کی کوششوں کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے۔

ہم میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ابھی تک وہاں ایک خاصی تعداد ایسے احمدیوں کی ہے جنہوں نے ابھی تک اپنے آپ کو داعین الی اللہ۔ یعنی وہ جو لوگوں کو اللہ کی طرف دعوت دیتے اور بلاتے ہیں۔ میں تبدیل نہیں کیا۔ میں آپ میں سے ہر مرد، عورت، جوان اور بوڑھے کو آپ کے اس اہم فرض کی طرف توجہ دلاتا ہوں۔ آپ کے ملک کی قسمت صرف اسی وقت تبدیل ہو سکتی ہے جب آپ میں سے ہر فرد داعی الی اللہ بن جائے اور دعاؤں، صبر، محبت اور اچھے نمونہ کے ذریعہ اسلام کا پیغام اپنے ملک کے لوگوں تک پہنچانے میں مداومت اختیار کرے۔ ہر سال آپ کی کوششیں کئی گنا ہو جانی چاہئیں۔ پس اس سال اپنی کوششوں کو کم از کم دس گنا بڑھا دیں۔ تاکہ آپ 1985 کا سال ختم ہونے تک ایک ہزار افراد کو اسلام اور احمدیت کی آغوش میں لانے کے قابل ہو سکیں۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اپنے فضل سے آپ کی کوششوں کو نمایاں کامیابی سے ہمکنار فرمائے۔ اور خدا کرے اسلام کی روحانی فتح اور احمدیت کی کامیابی کا دن آپ کے ملک میں جلد طلوع ہو۔ آمین۔ سب کو محبت بھرا اسلام۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی رحمت سے نوازے۔

مرزا طاہر احمد
خلیفۃ المسیح الرابع

(لندن 22.6.1985)

(انگریزی پیغام دوسرے صفحہ پر)

(ترجمہ از انگریزی)

Nuur-Moschee · Babenhäuser Landstr. 25 · 6000 Frankfurt/M. 70 · Tel.: 069/681485
Telex 416187 islam d · Telegramm-Adresse: »ISLAM« Frankfurt/Main

بسم اللہ الرحمن الرحیم

London, 22.6.1985

Dear brothers and sisters,

حضور اقدس کا پیغام
بر موقع جلسہ سالانہ مغربی جرمنی

Assalamo Alaikum:

I am very pleased that the Jamaat Ahmadiyya West Germany is holding its Annual Conference on 22nd and 23rd June, 1985. Alhamdolillah. I pray to Allah for its resounding success; may it prove to be a source of His infinite blessings for all of you.

The members of Ahmadiyya Community in West Germany are very dear to me for their efforts towards conveying the message of Islam and Ahmadiyyat to the Germans as well as to the people of other nationalities living in Germany. In 1984, the number of Baiats in West Germany exceeded the target allocated to the Jamaat, and by the Grace of Allah, more than a hundred people accepted Ahmadiyyat i.e. the true Islam; during this period. Alhamdolillah Through the letters I receive from Germany, I am always delighted to learn about the Tablighi endeavours of Ahmadis living there, and I pray for them that Allah may, out of His sheer grace bless their efforts with success.

However, I want to draw your attention that there is still a great number of Ahmadis who have not yet turned into Dai-Ilallah داعی الی اللہ i.e. those who invite and call people towards Allah. I urge averyone of you, men, women, young-ones and the old, to realize this foremost duty of yours. The fate of your country will only be changed when everyone of you will become a Dai-Ilallah, and through prayers, patience, love and good models, will continue to convey the message of Islam to the people of your country. Every year your efforts should be multiplied. So increase your efforts at least ten times during this year, so that you may be able to bring one thousand people into the fold of Islam and Ahmadiyyat till the end of 1985. I pray to Allah that He may out of His mercy bless your efforts with brilliant sucess, and may the day of spiritual victory of Islam and glory of Ahmadiyyat dawn soon in your country. Amen.

With most affectionate Salam. Allah bless you!

M. T. Ahmad

MIRZA TAHIR AHMAD
KHALIFATUL MASIH IV

# جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کے دسویں جلسہ سالانہ کا کامیاب انعقاد

## :- سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا روح پرور خصوصی پیغام :-

:- بارہ سو سے زائد افراد کی شمولیت :-

اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضل وکرم کے تحت جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کا دسواں (10) سالانہ جلسہ 22 - 23 احسان 1364 ھش / جون 1985ء بروز ہفتہ اتوار "ناصر باغ" (نئے یورپین سنٹر گروس گیراؤ) کے وسیع اور شامیانوں سے مزین احاطہ میں نہایت کامیابی و کامرانی کے ساتھ بخیر وخوبی منعقد ہوا۔ الحمد للہ۔

امسال بفضلہ تعالیٰ حاضرین کی تعداد 1200 تھی، جبکہ گذشتہ سال جلسہ میں ایک ہزار افراد نے شمولیت کی تھی۔

مکرم و محترم سید کمال یوسف صاحب مشنری انچارج ناروے اور مکرم و محترم مصطفیٰ ثابت صاحب نے بطور مہمان خصوصی شرکت فرمائی اور ہر دو نے اہم اور مؤثر تقاریر فرمائیں۔

اس جلسہ کے موقعہ پر احباب جماعت مغربی جرمنی کے نام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہِ شفقت اپنا ایک خصوصی روح پرور اور ولولہ انگیز پیغام ارسال فرمایا جو اس جلسہ کی روح رواں تھا۔

## :- جلسہ سالانہ کی اہم خصوصیات :-

اللہ تعالیٰ کے فضل سے حاضری میں اضافہ کے علاوہ مغربی جرمنی کا یہ جلسہ سالانہ مندرجہ ذیل خصوصیات کا حامل بھی تھا۔

(1) مغربی جرمنی کی تاریخ میں یہ پہلا جلسہ ہے جو نئے یورپین سنٹر جو فرانکفورٹ سے قریباً 25 کلومیٹر کے فاصلہ پر Gross Gerau میں واقع ہے اور جسکا نام حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہِ شفقت "ناصر باغ" تجویز فرمایا ہے میں منعقد ہوا۔

(2) امسال اردو اور انگریزی زبان میں تقاریر کا رواں ترجمہ جرمن اور عربی زبان میں سنانے کا انتظام موجود تھا جسکی وجہ سے جرمن اور دیگر قوموں سے تعلق رکھنے والوں کا مواصلاتی رابطہ بیک وقت مقرر اور سامع کے ساتھ قائم رہا۔ اس غرض کیلئے شعبہ سمعی و بصری لندن کے دو مخلص ماہرین مکرم مبارک احمد صاحب لون اور مکرم عقیل میاں صاحب نے بڑے اخلاص و محنت جانفشانی اور شوق کے ساتھ یہ کام انجام دیا۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء۔ انگلش سے جرمن مکرم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب۔ اردو سے جرمن مکرم قاضی نعیم الدین صاحب اور عربی سے جرمن اور جرمن سے عربی مکرم محمد عودہ صاحب کرتے رہے۔

(3) جلسہ سالانہ میں شمولیت فرمانے والے احمدی پاکستانی اور جرمن احباب کے علاوہ انڈیا۔ سری لنکا۔ چیکوسلواکیہ۔ ترکی یوگوسلاویہ۔ لبنان۔ فلسطین اور افریقہ کے ممالک کے افراد نے شرکت ۔ اسیطرح غیر از جماعت کی بھی ایک تعداد نے فیملیز کے ساتھ جلسہ میں شمولیت کی۔ جرمن احمدی احباب و مستورات کی تعداد 25 تھی۔

(4) جلسہ کے دونوں دن مکرم مصطفیٰ ثابت صاحب نے عرب احباب کے ساتھ کئی کئی گھنٹے کی خصوصی تبلیغی میٹنگ

کی جسکے نتیجہ میں خداتعالیٰ کے فضل سے 3 عرب افراد بیعت کرکے سلسلہ احمدیہ میں شامل ہوئے فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

(5) اس جلسہ سالانہ میں 25 جرمن غیر مسلم اور 23 غیر احمدی مسلمان احباب نے شمولیت کی اور سب نے خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھا تاثر لیا۔

(6) امسال حاضرین جلسہ میں اضافہ کی توقع کے پیش نظر اور "وسّع مکانک" کے تحت ہر شعبہ کے انتظامات کو وسعت دی گئی۔ خصوصاً جلسہ گاہ مردانہ و مستورات کے وسیع پنڈال۔ اسیطرح کھانے کیلئے خصوصی انتظامات شامل ہیں۔

(7) جلسہ سالانہ مغربی جرمنی کے مکمل پروگراموں کی ویڈیو فلم بھی تیار کی گئی نیز جملہ تقاریر کی ٹیپ بھی بنائی گئی۔

(8) جلسہ سالانہ کے موقع پر مغربی جرمنی کی جماعتوں کے جملہ صدران و عہدیداران کی ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی۔ جسمیں مکرم امیر صاحب اور مکرم مشنری انچارج صاحب نے حالات حاضرہ کے تحت جماعتوں کو خصوصی ہدایات دیں اسیطرح قائدین مجالس کی میٹنگ بھی علیحدہ منعقد ہوئی۔

(9) جلسہ سالانہ سے ایک روز قبل جمعہ کی نماز مسجد نور میں ادا کی گئی جسمیں باہر سے آنے والے احباب جماعت کی ایک کثیر تعداد بھی شامل تھے۔ مکرم و محترم ملک منصور احمد صاحب عمر مشنری انچارج مغربی جرمنی نے خطبہ دیا۔

(10) مسجد اور سٹیشن سے جلسہ گاہ تک پہنچنے کیلئے سپیشل بسوں کا انتظام کیا گیا۔ اسیطرح شعبہ ٹرانسپورٹ کا انتظام بھی بہت اچھا تھا۔

## جلسہ سالانہ کی تیاری

جلسہ سالانہ کی تیاری کا کام دو ماہ قبل شروع ہو گیا تھا۔ اس سلسلہ میں کئی میٹنگز ہوئیں۔ خصوصی طور پر جلسہ گاہ کی تیاری کے سلسلہ میں وقار عمل کے ذریعہ دو ماہ کام ہوتا رہا۔ وقار عمل میں نئے آنے والے احمدی نوجوانوں کی کثیر تعداد شریک ہوتی رہی جو فرانکفورٹ کے گردو نواح میں واقع کیمپ میں مقیم ہیں۔ وقار عمل کے ذریعہ جلسہ گاہ کی تیاری کے علاوہ کار پارک اور ایک بڑا کچن بھی تیار کیا گیا۔ رمضان مبارک کے دوران بھی کثیر تعداد میں احباب وقار عمل میں شریک ہوتے رہے۔ جلسہ کے بارہ میں "اخبار احمدیہ" میں تفصیلی ہدایات، اعلانات اور پروگرام طبع کئے گئے۔

## انتظامات جلسہ سالانہ

مرکزی جلسہ سالانہ کی طرح مغربی جرمنی کے جلسہ سالانہ کے انتظامات کو بھی دو بڑے حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ (1) افسر جلسہ سالانہ (2) افسر جلسہ گاہ

مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ مغربی جرمنی نے افسر جلسہ سالانہ اور مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر مشنری انچارج نے افسر جلسہ گاہ کے فرائض انجام دیئے۔

افسر صاحب جلسہ سالانہ کی مدد کیلئے 3 نائب افسر جلسہ سالانہ مقرر کئے گئے جن کے تحت مندرجہ ذیل شعبے قائم کئے گئے۔

(I) شعبہ ترجمانی (II) لاؤڈ سپیکر (III) سمعی و بصری (IV) بجلی و روشنی (V) استقبال و معلومات (VI) سٹیج (VII) ٹرانسپورٹ (VIII) نظم و ضبط و خدمت خلق (IX) ضیافت (X) رہائش (XI) نظافت (XII) ... (XIII) حاضری و رجسٹریشن (XIV) بازار (XV) آرائش اور طبی امداد

تمام منتظمین اور ان کے کارکنان نے نہایت اخلاص اور عمدگی کے ساتھ اپنے فرائض کو انجام دیا۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء

**احباب جماعت کی جوق در جوق آمد**

سارے مغربی جرمنی کے طول و عرض میں پھیلی ہوئی جماعتوں اور احباب نے اپنی آمد کی اطلاعیں قبل از وقت مشن میں بھجوا دیں تھیں۔
جرمنی کے علاوہ دیگر ممالک سے بعض مہمان جمعہ کو فرانکفورٹ تشریف لے آئے تھے اور ان کی کثیر تعداد نماز جمعہ میں شامل ہوئی۔ ہفتہ کی صبح جماعتوں اور احباب و خواتین اور بچوں کی مشن میں آمد کا نظارہ نہایت روح پرور تھا۔ سیدنا حضرت مسیح موعود کے مہمان ٹرینوں، کاروں، ویگنوں اور سپیشل بسوں کے ذریعہ نعرے لگاتے ہوئے جلسہ میں شامل ہونے کی سعادت حاصل کر رہے تھے۔

**وسیع و عریض جلسہ گاہ**

خدا تعالیٰ کے فضل سے امسال حاضرین جلسہ میں اضافہ کی توقع کے پیش نظر جلسہ گاہ کو بھی وسعت دی گئی اور ایک وسیع و عریض ٹینٹ مردانہ جلسہ گاہ اور دو وسیع ٹینٹ زنانہ جلسہ گاہ اور کھانے کے انتظام کے تحت لگائے گئے۔ جلسہ گاہ مردانہ و زنانہ کو متعدد خوبصورت بینرز کے ساتھ سجایا گیا تھا جن پر جرمن انگریزی، اردو اور عربی زبانوں میں عبارتیں لکھی تھیں۔ اسیطرح کلمہ طیبہ اور سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے الہامات بھی خوبصورتی کے ساتھ نمایاں طور پر لگائے گئے تھے۔
ترجمانی کے شعبہ کیلئے ایک علیحدہ ویگن مہیا کی گئی۔ مردانہ جلسہ گاہ سے زنانہ جلسہ گاہ تقاریر سنوانے کا انتظام تھا اسیطرح جلسہ پر آنے والے مہمانوں اور غیر از جماعت لوگوں کو جماعت سے متعارف کروانے کیلئے کتب اور کیسٹس کا سٹال بھی قائم کیا گیا تھا۔

**افتتاح جلسہ سالانہ**

22 احسان/جون بروز ہفتہ پروگرام کے مطابق جلسہ سالانہ مغربی جرمنی کے افتتاحی اجلاس کی کارروائی کا آغاز مکرم مشنری انچارج صاحب مغربی جرمنی کی زیر صدارت شروع ہوا
تلاوت قرآن کریم مکرم فلاح الدین خان صاحب نے کی اور بعدہٗ اسکا جرمن ترجمہ بھی پیش کیا۔ اسکے بعد مکرم محمد الیاس صاحب نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی نظم "اے خدا اے کارساز و عیب پوش و کردگار" مع جرمن ترجمہ پیش کی اسکے بعد مکرم و محترم ملک منصور احمد صاحب عمر مشنری انچارج مغربی جرمنی نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا نہایت روح پرور اور ولولہ انگیز خصوصی پیغام جو حضور اقدس نے ازراہ شفقت جلسہ سالانہ مغربی جرمنی کیلئے بھجوایا تھا انگریزی اور اردو زبانوں میں پڑھ کر سنایا۔ حضور کے شفقت اور محبت سے معمور، عرفان و معرفت سے لبریز پیغام کو سنکر جماعت میں ایک نئی زندگی کی لہر دوڑ گئی۔
بعد ازاں مکرم ہدایت اللہ صاحب ہیوبش نے حضور کے پیغام کا جرمن ترجمہ پیش کیا۔ جسکے بعد مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر مغربی جرمنی نے افتتاحی خطاب فرمایا اور اجتماعی دعا کروائی۔ اسکے بعد پروگرام کے مطابق تقاریر کی کارروائی شروع ہوئی۔ پروگرام کے مطابق مکرم مصطفےٰ ثابت صاحب نے "کلمہ شہادۃ"، مکرم مولود احمد صاحب نے "برکات خلافت" مکرم مولانا لئیق احمد منیر صاحب نے "موجودہ دور ابتلاء اور ہماری ذمہ داریاں" مکرم مبارک احمد ناصر صاحب "میرے تبلیغی تجربات" اور مکرم مولانا عبدالباسط طارق صاحب "ہستی باری تعالیٰ" کے عناوین پر تقاریر کیں۔
یہ سب تقاریر بفضلہ تعالیٰ پر مغز اور مؤثر تھیں۔ دوران اجلاس مکرم داؤد احمد ناصر صاحب۔ مکرم خالد محمود صاحب نے حاضرین جلسہ کو نظموں سے محظوظ کیا۔ اجلاس اول کی کارروائی شام سات بجے تک جاری رہی۔ جسکے بعد

ساڑھے سات بجے شام عرب و جرمن حضرات کی خصوصی علیحدہ میٹنگز منعقد ہوئیں جسمیں جلسہ میں شامل ہونے والے تمام عرب و جرمن احباب شریک ہوئے۔

## دوسرا دن جلسہ سالانہ

جلسہ سالانہ مغربی جرمنی کے دوسرے دن کے پہلے اجلاس کی کاروائی مکرم مولانا لبشارت احمد محمود صاحب مبلغ سلسلہ کولن مشن کی زیر صدارت شروع ہوئی۔ تلاوت قرآن کریم مکرم عبدالجلیل ظفر صاحب نے کی۔ مکرم اسداللہ خان صاحب نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پاکیزہ کلام سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں چند اشعار نہایت خوش الحانی سے پیش کئے۔

اس اجلاس میں درج ذیل احباب کو حاضرین سے تبلیغی اور تربیتی موضوعات پر خطاب کرنے کا موقعہ ملا۔ مکرم عبدالمالک خانصاحب، مکرم فلاح الدین خانصاحب، مکرم حسین احمد مصطفےٰ صاحب (نو احمدی عرب) مکرم مولانا لبشارت احمد صاحب محمود مبلغ کولن۔

ان سب تقاریر کا سامعین پر لفضلہ تعالیٰ بہت نیک اثر ہوا۔ دوران اجلاس مکرم محمد عودہ صاحب نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا منظوم قصیدہ "یا عینِ فیضِ اللہ والعرفان" مع جرمن ترجمہ پیش کیا۔ نیز مکرم مبارک لون صاحب نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے منظوم کلام سے سامعین کو محظوظ کیا۔

صبح دس بجے سے سوا بارہ بجے تک جاری رہنے والے اس اجلاس کے آخری حصّہ کی صدارت مکرم مصطفےٰ ثابت صاحب نے فرمائی۔

## پروگرام جلسہ سالانہ مستورات

جلسہ سالانہ مستورات کا علیحدہ اجلاس ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک منعقد ہوا جسکی مفصّل رپورٹ علیحدہ شائع کی جارہی ہے۔

## اختتامی اجلاس جلسہ سالانہ:

جلسہ سالانہ مغربی جرمنی کا اختتامی اجلاس مہمان خصوصی مکرم و محترم مولانا سیّد کمال یوسف صاحب مشنری ناروے کی زیر صدارت ساڑھے بارہ بجے شروع ہو کر اڑھائی بجے تک جاری رہا۔

تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد مکرم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب نے "حضرت امام مہدی علیہ السلام کی آمد کی پیشگوئیاں" کے موضوع پر جرمن اور انگریزی زبان میں تقریر فرمائی۔ اختتامی اجلاس کی دوسری تقریر مکرم و محترم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کی تھی۔ آپ نے "جرمنی میں احمدیت" کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ آپ نے جماعت کو اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ حضور اقدس کے ہر ارشاد اور حضور کی ہر تحریک پر دل و جان سے لبیک کہنا ہمارا اولین فرض ہے۔ آپ نے جرمنی میں غلبہ اسلام و احمدیت کے ضمن میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی بعض عظیم خواہشات کا ذکر فرماتے ہوئے تمام افراد جماعت مغربی جرمنی کو داعی الی اللہ بننے کی تلقین فرمائی۔ اس طرح آپ نے گذشتہ سال سے اب تک جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کے ذریعہ ہونے والے بعض کاموں کا تذکرہ بھی فرمایا۔ اسکے بعد مکرم و محترم مولانا سیّد کمال یوسف صاحب مشنری انچارج ناروے نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور کسر صلیب کے موضوع پر اردو زبان میں بصیرت افروز خطاب فرمایا۔ مکرم محمد یونس اختر صاحب نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا منظوم کلام نہایت خوش الحانی سے سنایا۔ بعدہٗ اجلاس کی بقیہ کاروائی مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کی زیر صدارت جاری رہی۔

آخر میں محترم ملک منصور احمد عمر صاحب مشنری انچارج مغربی جرمنی نے "جماعت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی" کے زیر عنوان ولولہ انگیز خطاب فرمایا۔

آپ نے اپنے خطاب میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کا پیش کردہ جودہ سالہ جوبلی پروگرام پیش کیا۔ اور اب تک اس میں خدا کے فضل سے جو کامیابی ہوئی ہے اسکا تذکرہ کیا۔ آخر میں آپ نے فرمایا کہ جوبلی کے جملہ پروگراموں کا واحد مقصد بنی نوع انسان کو اُمتِ واحدہ بنانا اور ساری انسانیت کو حلقہ بگوش اسلام کرنا ہے اس غرض کیلئے آپ نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی وہ تحریک پیش فرمائی جسمیں حضور نے ارشاد فرمایا ہے کہ میری خواہش ہے کہ جماعت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی تک دس ہزار جرمن احمدیت قبول کریں اور ان میں سے ایک ہزار جرمن احمدی جلسۂ جوبلی میں جرمنی جماعت کی نمائندگی کریں۔ اس ٹارگٹ کے حصول کیلئے آپ نے ان ذرائع سے آگاہ کیا جو حضور اقدس نے اپنے مختلف خطبات میں بیان فرمائے ہیں۔ اس ضمن میں آپ نے مستورات کو پردہ کی طرف بھی توجہ دلائی کیونکہ یہ بھی تبلیغ کا ایک عظیم ذریعہ ہے آپ نے فرمایا کہ اگر جرمنی کی پانچسو احمدی مستورات باقاعدہ پردہ کی حالت میں باہر نکلیں تو چند دن کے اندر اندر جرمنی میں عظیم انقلاب آسکتا ہے۔ اس ضمن میں بالخصوص مردوں کو ذمہ دار قرار دیا کہ وہ "قوام" ہونے کے باعث مستورات کے پردے کا انتظام کریں۔

آخر میں مکرم امیر صاحب نے ان ایام میں خصوصی طور پر امام وقت اور احباب جماعت کی سلامتی، امت محمدیہ کی اصلاح، ساری دنیا کی ہدایت اور جرمن قوم کے جلد اسلام قبول کرنے کی تحریک فرماتے ہوئے پر سوز دعا کروائی جسکے ساتھ جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کا دسواں جلسہ سالانہ بخیر وخوبی اختتام پذیر ہوا

غرض ہمارا یہ جلسہ سالانہ خدا تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہر پہلو اور ہر جہت سے بہت ہی کامیاب رہا۔ جو بھائی اور بہنیں مغربی جرمنی کے طول و عرض سے اور بیرون ممالک سے شامل ہونے کیلئے تشریف لائے اللہ تعالیٰ انہیں اس کی احسن جزا دے اور جن کارکنوں نے بے لوث رنگ میں ان کی خدمت کرنے کی سعادت حاصل کی ہے اللہ اُن کی اس خدمت کو بھی قبول فرمائے اور ہم سبکو اپنے شکر گذار بندے بنائے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے پیارے امام ایدہ اللہ تعالیٰ کو صحت و عافیت سے اور تائید ایزدی کے سایہ تلے تا دیر سلامت رکھے اور آپ کی قیادت میں نازل ہونے والے افضال الٰہیہ کا سلسلہ ہمارے لئے جاری و ساری رکھے۔ آمین۔

---

# جلسہ سالانہ کی کامیابی پر

## حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اظہارِ خوشنودی

جلسہ سالانہ مغربی جرمنی کی کامیابی پر بہت بہت مبارکباد۔ بہت خوشی ہوئی کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے 1200 افراد نے شمولیت اختیار کی۔ اور اسمیں جرمن احمدی 20 تھے۔ جرمن عیسائی 25 اور غیر احمدی 23 تھے۔ آپ نے پہلا قدم اُٹھا لیا ہے اب اس تعداد کو سینکڑوں تک لیکر جائیں اور آئندہ آپ سے ہزاروں کا مطالبہ کریں گے۔

# جلسہ سالانہ لجنہ اماء اللہ مغربی جرمنی

خدا تعالیٰ کے فضل کے ساتھ لجنہ اماء اللہ مغربی جرمنی کے جلسہ سالانہ کا آغاز 23 جون بروز اتوار صبح ساڑھے دس بجے تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا۔ محترمہ مسز شمیم شفیق صاحبہ نے سورہ رحمٰن کی چند آیات کی تلاوت کی۔ بعد ازاں محترمہ مسز طیبہ گیلانی صاحبہ نے نظم "اے خدا اے کارساز و عیب پوش و کردگار" پڑھ کر سنائی۔

محترمہ ربیعہ یالسں صاحبہ نے جرمن زبان میں تقریر کی۔ اُن کی تقریر کا عنوان تھا

"Ahmadia Muslime in Deutchland
Möglischkeiten und Schwirigkeiten"

محترمہ امۃ السمیع راشدہ ملک صاحبہ نے "اسلامی پردہ عفت کا نشان ہے" کے عنوان سے اپنے خیالات کا اظہار کیا انہوں نے قرآن مجید کی روشنی سے اس بات پر زور دیا کہ عورتیں اپنے گھروں میں رہیں۔ انہوں نے تاریخ کے اوراق سے یہ بات ثابت کی کہ خواتین پردے میں رہ کر ہر کام کر سکتی ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی کا یہ پڑھا کہ "جو مرد اپنی عورتوں کو مخلوط محفلوں میں لیکر جاتے ہیں اُن سے احمدی کوئی تعلق نہ رکھیں۔ انہیں جماعت کا کوئی عہدہ نہ دیا جائے اور اگر ممکن ہو تو ان کے جنازے میں بھی شرکت نہ کی جائے"۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کا ارشاد پڑھ کر سنایا کہ عورتیں یورپین خواتین کیلئے نمونہ بنیں اور پردہ کی پابندی کریں۔ ایک نو احمدی امریکن لڑکی کا واقعہ سنایا کہ کس طرح پروفیسروں اور طلباء کی مخالفت اور تضحیک کے باوجود کس طرح برقعہ اوڑھا۔ بعد ازاں ان سب کیلئے اس پردہ کے سبب باعث عزت و تکریم بنی۔

محترمہ ناصرہ ناحوہ نے نظم "محمد پر ہماری جاں فدا ہے" پڑھ کر سنائی۔ محترمہ فالس مجید صاحبہ جرمن خاتون نے جرمن زبان میں تقریر کی۔ جسکا عنوان تھا "Die Notwendigkeit des Khalafat im Islam"

بعد ازاں محترمہ کوثر شاہین ملک صاحبہ نے "احمدی خواتین اور فریضہ تبلیغ" کے عنوان سے اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ہمیں آخرت کے بدلے میں اس لئے پرو دیا کہ خدا کی توحید دنیا میں قائم ہو اور اسلام کا بول بالا ہو۔ مخلوق کی خدمت اور راحت اور بھلائی کے نظام کو قائم کرنے کیلئے لازمی ہے کہ ہم فریضہ تبلیغ کو احسن طریقے سے ادا کریں۔ محترمہ نے اسلام اور احمدیت کے دور میں خواتین کی تبلیغ کے قابل فخر واقعات بیان کئے۔ اسلام اور احمدیت کی زندگی اسی میں ہے کہ خواتین کے اعمال اُن کے نظریات کی عکاسی کریں۔

محترمہ منیرہ مقصود صاحبہ نے نظم پڑھ کر سنائی "ہو فضل تیرا یارب یا کوئی ابتلاء ہو"۔

سب سے آخر میں نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ مغربی جرمنی محترمہ منور ناصرہ واگس ہاوزر صاحبہ نے "موجودہ دور کے تقاضے" کے عنوان سے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا۔

انہوں نے نشأۃ ثانیہ کے دور کی اہمیت بیان کی کہ اس کے پیش نظر ہمارے فرائض کیا ہیں کہ احمدی ساری دنیا میں پھیل

(بقیہ صفحہ 13 پر)

Khuddam-ul-Ahmadiyya
BUNDESREPUBLIK DEUTSCHLAND

[N]ATIONAL QIADAT
[..]abenhäuser Landstr.25
[..] Frankfurt 70
[T]el:- 681485

نیشنل قیادت

[illegible]

قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہو سکتی

# پروگرام

# سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی

## 3 ، 4 اگست 85ء بروز ہفتہ اتوار بمقام ناصر باغ

### 3 اگست بروز ہفتہ

| | |
|---|---|
| $10^{15}$ - $10^{00}$ | تلاوت ، عہد ، نظم |
| $10^{30}$ - $10^{15}$ | افتتاح مکرم امیر صاحب مغربی جرمنی (پرچم کشائی) |

### ورزشی مقابلہ جات

| | |
|---|---|
| $10^{45}$ - $10^{3}$ | دوڑ 100 میٹر |
| $11^{30}$ - $10^{4}$ | لمبی چھلانگ و گولہ پھینکنا |
| $12^{30}$ - $11^{3}$ | فٹ بال |
| $14^{00}$ - $12^{3}$ | کھانا اور نماز ظہر و عصر |
| $14^{40}$ - $14^{0}$ | پیغام رسانی + کلائی پکڑنا |
| $15^{00}$ - $14^{4}$ | دوڑ 400 میٹر |
| $15^{20}$ - $15^{0}$ | اونچی چھلانگ |
| $15^{45}$ - $15^{2}$ | رسّہ کشی |
| $16^{45}$ - $15^{4}$ | والی بال |
| $17^{00}$ - $16^{4}$ | وقفہ چائے |
| $17^{50}$ - $17^{0}$ | فائنل فٹ بال |
| $18^{30}$ - $1?$ | کبڈی |
| $19^{00}$ - $18^{3}$ | مشاہدہ معائنہ |
| $20^{00}$ - $19^{0}$ | کھانا |
| $20^{30}$ - $20^{0}$ | پرچہ دینی معلومات |
| $21^{30}$ - $20^{3}$ | پروگرام سوال و جواب (مبلغین کرام جواب دیں گے) |
| $21^{4}$ | نماز مغرب و عشاء |

(نماز کے بعد قائدین مجالس کی میٹنگ ہوگی)

### 4 اگست بروز اتوار

| | |
|---|---|
| $04^{30}$ - $04^{00}$ | نماز تہجد |
| $04^{45}$ - | نماز فجر اور درس قرآن کریم |
| | وقفہ |
| | ناشتہ اور تیاری برائے اجتماع |
| $10^{15}$ - $10^{00}$ | تلاوت و نظم |
| $11^{15}$ - $10^{15}$ | مقابلہ تلاوت ، نظم اور اذان * |
| $12^{15}$ - $11^{15}$ | تقریری مقابلہ وقت تقریر 3 منٹ (اردو ، جرمن) |
| $12^{30}$ - $12^{15}$ | فی البدیہہ تقریری مقابلہ |
| $12^{45}$ - $12^{30}$ | سالانہ رپورٹ مجلس خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی |
| $13^{15}$ - $12^{45}$ | تلقین عمل (نیشنل قائد صاحب و ممبران مجلس عاملہ) |
| $14^{15}$ - $13^{15}$ | مقابلہ عام دینی معلومات (زبانی) |
| $16^{00}$ - $14^{15}$ | کھانا ، نماز ظہر و عصر |
| $16^{15}$ - $16^{00}$ | تلاوت ، نظم |
| $16^{45}$ - $16^{15}$ | تقاریر |

(مکرم لئیق احمد صاحب منیر ، مکرم بشارت احمد صاحب محمود ، مکرم عبدالباسط صاحب طارق ، مکرم ہدایت اللہ صاحب جمیل)

| | |
|---|---|
| $17^{15}$ - $16^{45}$ | خطاب مہمان خصوصی |
| $17^{45}$ - $17^{15}$ | تقسیم انعامات |
| $18$ - $17^{45}$ | اختتامی تقریر نائب صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ |
| $18^{30}$ - $18^{15}$ | عہد اور دعا |

* عناوین برائے تقریری مقابلہ (تقریر بغیر پڑھے کرنی ہوگی)

1. ایک پیشگوئی - جرمنی مسلمان ہوگا
2. حالات حاضرہ میں ایک خادم کا کردار
3. خلیفۂ وقت ڈھال ہیں
4. آج دنیا کو قرآن کریم کی ضرورت ہے۔

خاکسار

عبدالرحید احمد

(نیشنل معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی)

# پروگرام سالانہ اجتماع مجلس اطفال الاحمدیہ جرمنی

3 اگست 1985 بروز ہفتہ

1000 تا 1030 - اطفال، خدام کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کریں گے

1030 تا 1045 - تلاوت، عہد، نظم

1045 تا 1100 - افتتاح از نیشنل قائد صاحب

1100 تا 1130 ورزشی مقابلہ جات

دوڑ 50 میٹر، 100 میٹر (معیار اول 10 تا 14 سال)

معیار دوم (7 سال تا 10 سال)

1130 تا 1200 - لمبی چھلانگ

1200 تا 1300 - فٹ بال

1300 تا 1400 - کھانا، نماز ظہر و عصر

## علمی مقابلہ جات

1400 تا 1500 - مقابلہ تلاوت، نظم، آذان

1500 تا 1600 - مقابلہ تقریر - اردو جرمن

عناوین :- قرآن کریم کے اوصاف - ایک طفل کی ذمہ داریاں

سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

1600 تا 1645 - مقابلہ عام دینی معلومات (زبانی)

1645 ... تقسیم انعامات

خطاب و اجتماعی دعا - نائب صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی

وسیم احمد - نیشنل ناظم اطفال الاحمدیہ مغربی جرمنی

---

## بس پروگرام

بر موقعہ سالانہ اجتماعات خدام الاحمدیہ اور لجنہ اماء اللہ

(3-4 اگست 1985)

بس نمبر 1 Rödelheim سے 8.00 بجے صبح روانہ ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

" " Haupt Bahnhof " 8.20 " " " " - "

بس نمبر 2 Haupt Bahnhof " 9.30 " " " " - "

ناصر باغ سے بس کی واپسی کا وقت روزانہ اجتماع کی کارروائی کے اختتام کے ایک گھنٹہ بعد ہوگا۔ کرایہ 4 مارک فی کس ہوگا۔

(عباس انور - ناظم ٹرانسپورٹ)

---

**تعزیت** میری والدہ محترمہ خورشید بیگم صاحبہ زوجہ مکرم چوہدری نجیب اللہ خاں صاحب حال ہی میں پاکستان میں وفات پا گئی تھیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون - مرحومہ کی مغفرت اور لواحقین کو صبر جمیل عطا ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔ (مریم افضل — Mülheim)

**ولادت** مکرم نعیم احمد صاحب ناگی (برلن) کو اللہ تعالیٰ نے 11.6.85 کو پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ حضور اقدس نے بچے کا نام "احمد جمال" رکھا ہے۔ مکرم رائے شہادت علی صاحب (ایمر تھال) کو بھی خدا تعالیٰ نے 10.6.85 کو پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ حضور انور نے نومولود کا نام "ریاض الدین" تجویز فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ دونوں بچوں کو نیک اور خادم دین بنائے۔

# پروگرام سالانہ اجتماع لجنہ اماءاللہ مغربی جرمنی 3 اگست 1985 بروز ہفتہ

1015 تا 1020 تلاوت قرآن کریم .. محترمہ زاہدہ جاوید صاحبہ

1020 تا 1030 عہدنامہ و دعا - نیشنل صدر

1030 تا 1035 نظم - محترمہ طیبہ گیلانی صاحبہ

1035 تا 1045 پیغام صدر اماءاللہ مرکزیہ

1045 تا 1050 افتتاحی تقریر نیشنل صدر

1050 تا 1110 سالانہ رپورٹ ہمبرگ و کولن - سیکرٹریان

1110 تا 1115 نظم - محترمہ منیزہ مقصود صاحبہ

1115 تا 1125 تقریر - محترمہ کوثر شاہین ملک صاحبہ

1125 تا 1145 رپورٹ - فرانکفورٹ - برلن

1145 تا 1150 نظم - محترمہ مسز صادقہ رانا صاحبہ

1150 تا 1210 سالانہ رپورٹ - نیورن برگ - راٹنگن

1210 تا 1245 پرچہ عام دینی معلومات

باہر کی ممبرات یہ پرچہ اپنے حلقہ کے صدران سے حاصل کرسکتی ہیں -

1245 تا 1430 وقفہ - نمائش - طعام - نماز

## دوسرا اجلاس

1430 تا 1440 - تلاوت و نظم - محترمہ عفیفہ محمود صاحبہ

محترمہ باصرہ باجوہ صاحبہ

1440 تا 1510 مقابلہ حفظِ قرآن

1510 تا 1540 اردو تقریری مقابلہ

عناوین - صد سالہ احمدیہ جوبلی (ii) اسلامی پردہ عورت کا حسنِ حسین ہے (iii) اطاعت میں برکت ہے -

1540 تا 1600 مقابلہ انگریزی تقریر - وقت تقریر 4 منٹ

Topic

Ahmady Ladies and The Propogation of Islam.

1600 تا 1635 خطاب محترم ملک منصور احمد صاحب عمر مشنری انچارج مغربی جرمنی

1635 تا 1705 مقابلہ نظم - راضی برضائے الٰہی - درثمین

ہو فضل تیرا یارب ..

درس توحید وہ دیکھتا ہے غیروں ... کلام محمود

1705 تا 1725 فی البدیہہ تقریری مقابلہ - وقت تقریر 3 منٹ

عنوان - دورِ خلافتِ رابعہ -

17.25 تا 1740 مہمان مقررات

(براہِ کرم باہر کی خواتین جو تقریر کرنا چاہیں وہ پہلے سے مطلع فرمائیں)

1740 تا 18.30 خطاب صدر لجنہ اماءاللہ مرکزیہ

خطاب مہمان خصوصی

تقسیم انعامات و دعا

1900 کھانا

:- نوٹ :-

تمام ممبرات لجنہ اماءاللہ مغربی جرمنی سے گذارش ہے کہ اجتماع سے قبل اجتماع فنڈ 10 مارک فی ممبر نیز اپنے ممبری فنڈ اور تحریک جدید کے بقایاجات کی ادائیگی فرما کر عنداللہ ماجور ہوں .

اجتماع کے موقعہ پر امسال بھی نمائش لگائی جارہی ہے جو کہ ہاتھ سے بنائی گئی اشیاء پر مشتمل ہے ممبرات نمائش کی اشیاء فوری طور پر سیکرٹری نمائش کو پہنچا دیں .

والسلام

خاکسارہ نیشنل صدر

لجنہ اماءاللہ مغربی جرمنی

# پروگرام

## سالانہ اجتماع ناصرات الاحمدیہ مغربی جرمنی

4 اگست 1985ء بروز اتوار بمقام باغِ ناصر

### افتتاحی پروگرام

1000 تا 1030 تلاوت عطیہ نور

عہد ناصرات الاحمدیہ نیشنل سیکرٹری ناصرات الاحمدیہ جرمنی

احمدی بچوں کا ترانہ

افتتاحی خطاب و دعا ۔ مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر مشنری انچارج

### ورزشی مقابلہ جات

1045 تا 1200 ۔ معیار اول ۔ الٹی دوڑ ۔ رکاوٹی دوڑ ۔ مشاہدہ و معائنہ

معیار دوم پیغام رسانی ۔ ریلے ریس ۔ مشاہدہ و معائنہ

معیار سوم ۔ سیدھی دوڑ

معیار سوم الف ۔ مینڈک ریس

### علمی مقابلہ جات

1200 تا 1315

معیار اول ۔ مقابلہ قرأت ۔ سورۃ الشمس ۔ 5 آیات زبانی

مقابلہ نظم (اے دوستو جو پڑھتے ہو ام الکتاب کو)

از درِ ثمین ۔ 3 اشعار زبانی

مقابلہ اردو تقریر

عناوین ۔ ہمارے پیارے نبی ۔ صفائی ایمان کا حصہ ہے ۔

نظم ۔ ثمینہ مقصود

مقابلہ جرمن تقریر

1) Islam meine Religion

2) Mein Imam, Hazrat Khalifatul Masihur Rabe

معیار دوم ۔ مقابلہ قرأت سورۃ الکافرون ۔ زبانی

1315 تا 1430 وقفہ برائے طعام و نماز ظہر و عصر

### اجلاس دوم

1430 تا 1500 ۔ تلاوت و نظم ۔

بشریٰ رحیم ۔ ریحانہ مقصود

مقابلہ نظم ۔ معیار دوم ۔ جمال و حسنِ قرآں ... 3 اشعار زبانی

مقابلہ تقریر اردو ۔ سیرت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رض

احمدی بچے اور وقفِ جدید

مقابلہ جرمن تقریر Islam mein Religion

Mein Imam, Hazrat Khalifatul Masihur Rabe

نظم ۔ نورین محمود

معیار سوم ۔ مقابلہ قرأت سورۃ الفلق زبانی

مقابلہ نظم "میری رات دن بس یہی اک صدا ہے"

3 اشعار از کلام محمود

### اختتامی اجلاس

1600 تا 1700

سالانہ رپورٹ ناصرات الاحمدیہ مغربی جرمنی

تقسیم انعامات و اختتامی خطاب و دعا

از محترمہ منورہ ناصرہ صاحبہ و الگس عبداللہ

نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ مغربی جرمنی

نوٹ :-

اسی اجلاس کے دوران دینی معلومات کا امتحان ہوگا ۔

# اصلاح و ارشاد کے سلسلہ میں ضروری اعلانات

- مکرم مصطفیٰ ثابت صاحب (مصری) جنہیں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ نے بالخصوص عربوں میں تبلیغ کا کام سونپا ہے۔ عنقریب مغربی جرمنی کے دورہ پر تشریف لا رہے ہیں۔ اسی طرح مبلغ ترکی مکرم محمد جلال صاحب شمس بھی ترک مسلمانوں سے رابطہ قائم کرنے کیلئے مغربی جرمنی تشریف لا رہے ہیں۔ لہذا جماعتیں فوری طور پر عربوں اور ترکوں سے رابطہ قائم کرکے ان کے پتہ جات اور فون نمبرز اکٹھے کریں۔ مغربی جرمنی میں دونوں علمائے کرام کے دوروں کے پروگرام سے جماعتوں کو عنقریب آگاہ کر دیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

- صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ کے تحت یکصد ممالک میں جماعتیں قائم کرنے کا پروگرام شامل ہے۔ مغربی جرمنی کے سپرد دو ممالک آسٹریا اور لکسمبرگ ہیں۔ ان دونوں ملکوں میں فوری طور پر جماعتیں قائم کرنا ہمارا فرض ہے۔ ان ممالک کا سروے کیا جائے گا اور تبلیغی اور وقف عارضی کے وفود وہاں بھجوائے جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ جو احباب ان دونوں ممالک کے سلسلہ میں کوئی معلومات رکھتے ہوں تو وہ فوری طور پر آگاہ فرمائیں۔ اگر وہاں احمدی احباب رہتے ہیں۔ یا غیر از جماعت افراد سے رابطہ ہے تو ان کے پتے اور فون نمبرز فوری طور پر درکار ہیں۔

- آپ ہرگز نہ بھولیں کہ امسال ہماری بیعتوں کا ٹارگٹ ١٠٠٠ ہے۔ اور ابھی تک بہت تھوڑی تعداد میں بیعتیں ہوئی ہیں۔ حضور اقدس کے ارشاد کے مطابق ہر احمدی داعی الی اللہ بن جائے۔ داعیان الی اللہ کی فہرستیں فوری طور پر مشنز میں بھجوائی جائیں۔ خدا تعالیٰ آپ سب کے ساتھ ہو!

(عبد الرحمان مبشر۔ نیشنل سیکرٹری اصلاح و ارشاد مغربی جرمنی)

---

بقیہ صفحہ [illegible] سے آگے

جائیں تا حضرت مسیح موعودؑ کے اس الہام کو پورا کریں کہ "میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا" اور پھر نظارہ دیکھیں کہ کس طرح لوگ فوج در فوج احمدیت میں داخل ہو رہے ہیں۔ اسی بناء پر یہ لازم ہے کہ ہم ان آنے والوں کیلئے نمونہ بنیں۔

جلسہ کے پہلے دن شامل ہونے والی خواتین کی تعداد 150 تھی اور بچوں کی تعداد 100 تھی۔ دوسرے دن خواتین کی تعداد 250 تھی اور بچوں کی تعداد 200 تھی۔ جرمن خواتین کیلئے علیحدہ کیمپ لگایا گیا جہاں تقاریر سننے کیلئے ہیڈ فون کا انتظام تھا۔ کل 25 خواتین نے شرکت کی تھی۔ جس میں ایک ترک مسلم لڑکی۔ گیارہ احمدی جرمن خواتین اور تیرہ غیر مسلم خواتین شامل تھیں۔

# صدران و احباب جماعت متوجہ ہوں!

١۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبۂ جمعہ فرمودہ 12؍جولائی 1985ء میں سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب اور سلسلہ کے دیگر لٹریچر کی اشاعت کے کام کو تیز تر کرنے کیلئے ایک جدید کمپیوٹرائز پریس مشین کی خرید کیلئے سر دست ڈیڑھ لاکھ پونڈ کی ایک عام تحریک فرمائی ہے۔ اس مشین میں اردو نوری نستعلیق خط اور بعض دیگر اہم زبانیں Compose کی جا سکیں گی۔ حضور کی اس تازہ ترین مالی تحریک میں جماعتیں فوری طور پر نقد رقوم اور وعدے بھجوائیں۔

2۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی تعمیل میں اسلام آباد (انگلستان) میں 26 جولائی تا 18 اگست 1985ء احمدی بچیوں کی تین ہفتے کی تربیتی کلاس منعقد ہو رہی ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ حضور انور کی خواہش ہے کہ یورپ، امریکہ اور کینیڈا کی زیادہ سے زیادہ بچیاں اس کلاس میں شامل ہوں۔ 11 سے 25 سال تک کی عمر کی بچیاں اس کلاس میں شامل ہوں گی۔ شادی شدہ لڑکی شامل نہ ہو سکے گی۔ ایک یا دو ہفتے کیلئے بھی کلاس سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ جرمنی سے جانے والی بچیوں کے ہمراہ اگر کوئی سرپرست کے طور پر خاتون یا مرد جا رہے ہوں اور وہ کلاس کے دوران انتظامی یا تدریسی فرائض ادا کر سکتے ہوں تو ان کے کوائف سے بھی مطلع کیا جائے۔ رہائش و طعام کا انتظام اسلام آباد میں جماعت کی طرف سے ہوگا اور کرایہ آمد و رفت ذاتی ہوگا۔ چونکہ کلاس کے انعقاد میں تھوڑا وقت رہ گیا ہے اسلئے جماعتیں فوری طور پر فون کے ذریعہ فرینکفرٹ مشن میں شامل ہونے والی بچیوں کے اسماء اور کوائف سے آگاہ فرمائیں۔

3۔ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جملہ تصنیفات (روحانی خزائن 23 جلدیں) کے سیٹ مشن میں پہنچ چکے ہیں۔ جن احباب نے اپنے نام لکھوائے ہوئے ہیں اور انہوں نے رقم ادا کر دی ہے یا بالاقساط ادا کر رہے ہیں وہ فوری طور پر اپنا اپنا سیٹ مشن سے حاصل کر لیں تا ایسا نہ ہو کہ سیٹ ختم ہو جائیں اور آپ کو نہ مل سکیں یا انتظار کرنا پڑے۔ جنہوں نے پہلے نام نہیں لکھوائے وہ بھی فوری طور پر مشن سے رابطہ قائم کریں اور اپنا سیٹ ریزرو کروالیں۔ مزید 23 جلدیں بھی عنقریب پہنچ رہی ہیں۔ ان شاء اللہ۔ روحانی خزائن کی کل 46 جلدوں کی تقسیم یہ ہے:۔ تصنیفات 23۔ ملفوظات 10۔ اشتہارات 3۔ اور تفسیر کبیر 10 جلدیں۔ 46 جلدوں کی کل قیمت 600 مارک ہے۔ سیکرٹریان مال کے ذریعہ بھی ادائیگی کی جا سکتی ہے۔ جماعتی رسید بک کے ذریعہ رسید کاٹی جائے۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کے ساتھ ہو!

خاکسار ملک منصور احمد عمر (مشنری انچارج مغربی جرمنی)

14/7/85

## مجلس خدام الاحمدیہ برطانیہ کے زیر اہتمام

## • دوسرا یورپین

# اجتماع

بمقام "اسلام آباد" تلفورڈ سرے

مورخہ ۲۳، ۲۴، ۲۵ اگست ۱۹۸۵ء

بروز جمعۃ المبارک، ہفتہ، اتوار

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے روح پرور خطاب

- درس قرآن
- درس حدیث
- روح پرور منظر — نماز تہجد
- تلاوت، نظم اور تقاریر کے علمی مقابلے
- روحانی، تربیتی اور معلوماتی تقاریر حسب سابق
- فٹ بال، والی بال، انفرادی ورزشی مقابلے

**خدام و اطفال:** اس اجتماع میں شمولیت کے لئے تیاری فرمائیں۔ شوق اور رغبت اور دعاؤں سے اجتماع میں شرکت فرمائیں

سالانہ اجتماع مغربی جرمنی اور یورپین اجتماع انگلستان میں زیادہ سے زیادہ خدام سائیکلوں کے ذریعہ آئیں!

## اسلام آباد کیلئے بس کا انتظام

جو خدام یورپین اجتماع میں شرکت کیلئے بس میں اسلام آباد جانا چاہتے ہوں اور ان کو سفر کیلئے کوئی قانونی رکاوٹ نہ ہو وہ اپنے نام اور دیگر کوائف سے نیشنل قیادت کو جلد از جلد مطلع فرمائیں تاکہ بروقت بس کا انتظام کیا جا سکے۔ (نیشنل قائد)

## ماہانہ رپورٹ

قائدین کرام سے درخواست ہے کہ وہ ماہانہ کارگزاری رپورٹ باقاعدگی سے نیشنل قیادت کو بھجوائیں یہ رپورٹ ہر ماہ کی دس تاریخ تک مشن میں پہنچنی ضروری ہے۔ امید ہے احباب اس سلسلہ میں قیادت سے تعاون فرمائیں گے۔ (نیشنل معتمد)

# اجتماع اور سائیکل سواری

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ نے خصوصی خواہش کا اظہار فرمایا تھا کہ زیادہ سے زیادہ خدام سالانہ اجتماع میں شمولیت کیلئے سائیکلوں پر تشریف لایا کریں۔

لندن سے تحریک موصول ہوئی ہے کہ یورپین اجتماع میں خدام سائیکلوں پر سفر کر کے شرکت کی کوشش کریں۔

دیگر مقابلہ جات کے علاوہ اس سال کراٹے، جوڈو، ویٹ لفٹنگ اور تیراندازی کے مقابلے منعقد ہونگے۔

یورپی اجتماع میں شریک خدام کے پاس ٹوپی، خدام الاحمدیہ کا رومال (جو نیشنل قیادت سے نیشنل دستیاب ہوگا) لازمی ہونا چاہئیے۔ اس سال خدام ذاتی خیموں میں قیام کرینگے۔

سالانہ اجتماع مغربی جرمنی میں بھی خدام سائیکلوں پر سفر کر کے شریک ہوں۔ جو خدام سائیکلوں پر تشریف لائینگے ان کو خصوصی انعام دیا جائیگا۔ (فلاح الدین خان نیشنل قائد مغربی جرمنی)

# عیدالفطر کے موقع پر احبابِ جماعت کے نام

## سیّدنا حضرت امام جماعتِ احمدیہ (ایدہ اللہ تعالیٰ) کا پیغام

### تمام بھائیوں، بہنوں اور بچوں کی خدمت میں محبت بھرا اسلام اور عید مبارک

اللہ تعالیٰ آپ سب پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے اور مجھے آپ کی خوشیاں دکھا کر میری آنکھیں ٹھنڈی کرے۔ اللہ تعالیٰ ان تمام احباب کی جملہ مشکلات دور فرمائے جو اس کی راہ میں دکھ دئے جا رہے ہیں۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے شہداء اور ان کے غمزدہ خاندانوں کو اپنے فضل سے نوازے اور راہِ مولا کے اسیروں اور جو ان کی رہائی کے لئے چشم براہ ہیں سب پر اپنی رحمتوں کی بارش فرمائے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو جلد اسلام کی ابدی فتح کی عید کا دن دکھائے۔ عزیزو!

مجھے آپ سے انتہائی محبت ہے۔

مرزا طاہر احمد

# "ناصر باغ" مغربی جرمنی میں پہلی عیدالفطر

۲۰ جون ۱۹۸۵ء کو "ناصر باغ" مغربی جرمنی میں پہلی عید الفطر منائی گئی۔ مغربی جرمنی کا یہ ریسٹ سنٹر جو فرینکفرٹ کے قریب Gross-Gerau علاقہ میں خریدا گیا ہے۔ اس کا نام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے "ناصر باغ" تجویز فرمایا ہے۔ ناصر باغ میں سب سے پہلا بڑا اجتماع عید الفطر کے موقعہ پر ہوا۔ مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر مشنری انچارج مغربی جرمنی نے نماز عید پڑھائی اور خطبۂ عید میں آپ نے اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ انسان کی توبہ کا دن عید سے بڑھ کر خوشی کا دن ہوتا ہے۔ اور وہ توبہ کس قدر بابرکت ہوگی جو عید کے روز کی جائے۔ پس آج کے دن ہر انسان توبہ کرے اور خدا تعالیٰ کی مغفرت اور اس کا فضل طلب کرے۔